لکھنؤ کی انجمن طلباء (النادی العربی) کی طرف سے مولانا سید ابوالحسن علی ندوی کی سرپرستی میں تقریباً ایک سال سے نکل رہا ہے۔ اس کا مقصد عربی مدارس کے طلباء میں عربی زبان وادب سے دلچسپی اور اس میں انشاپردازی کی صلاحیت پیدا کرنا ہے۔ اس میں عالم اسلامی کی مختصر خبروں کے علاوہ عموماً ایک دو مضامین عربی پرچوں سے ماخوذ ہوتے ہیں اور گاہے گاہے خود مولانا سید ابوالحسن ندوی کا کوئی مضمون یا انجمن طلباء میں ان کی کوئی تقریر شائع ہوتی ہے۔

زیر ادارت: شفیق الرحمٰن، اقبال احمد، تقی الدین۔ مقام اشاعت: دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ۔ سالانہ چندہ: ڈھائی روپے۔

الیقظہ | الرائد کے طرز پر دارالعلوم دیوبند کے طلباء نے بھی اپنی انجمن (الھیئۃ العربیہ) کی طرف سے یہ ماہانہ نشرہ ماہ جنوری ۱۹۶۱ء سے نکالنا شروع کیا ہے۔ اس وقت ہمارے سامنے اس کا پہلا شمارہ ہے، جس میں ازہر کے نمائندۂ دیوبند شیخ محمد عبدالوہاب محمود کے پیغام سے اس کا افتتاح کیا گیا ہے۔ اس کا مقصد بھی طلباء میں عربی زبان سے دلچسپی اور تحریر و خطابت کی صلاحیت پیدا کرنا ہے۔

عربی زبان سے دلچسپی رکھنے والے طلباء کے لیے الرائد اور الیقظہ مفید اور کارآمد ہوں گے۔

زیر ادارت: سعید الزمان کیرانوی، ارشد فیض آبادی۔ مقام اشاعت: دارالعلوم دیوبند، ضلع سہارنپور، یو پی (بھارت)، چندہ سالانہ: ڈیڑھ روپیہ (ہندوستان میں) دو روپے (بیرون ہند)۔

الرابطۃ الاسلامیہ | یہ ایک اور نشرہ ہے جو بیک وقت عربی اور انگریزی میں الرابطۃ الاسلامیہ (~~INTERNATIONAL~~ CULTURAL ISLAMIC ORGANIRATION) کی طرف سے اکتوبر ۱۹۶۰ء سے جاری ہوا ہے۔ الرابطۃ الاسلامیہ کا مقصد مختلف ممالک کے مسلمانوں سے رابطہ پیدا کرنا اور ان کو آپس میں ایک دوسرے کے حالات سے متعارف کرنا ہے۔ اس کی تاسیس مولانا سید ابوالحسن علی ندوی کی زیر نگرانی اُن کے چند شاگردوں اور عقیدت مندوں کی مساعی سے عمل میں آئی ہے